5979- کئی لوگوں کا مقروض ہے اور قرضے کے مال کا علم نہیں کتنا ہے

سوال

میں اتنا مقروض ہوچکا ہوں کہ اب مجھے علم ہی نہیں کہ کس کس کا قرضہ دینا ہے اور یہ علم نہیں کتنا دینا ہے لھذا مجھے اس مشکل کو حل کرنے کے لیے کیا کرنا ہوگا ؟

اور میں قرض کی ادائیگی کیے بغیر فریضہ حج کب ادا کر سکتا ہوں ؟ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

یہ سوال دو چیزوں پر مشتمل ہے :

اول : اس مشکل کے لیے آپ کو کیا کرنا ہوگا ؟

دوم : آپ قرض کی ادائیگی کیے بغیر فریضہ حج کب ادا کر سکتے ہیں ؟

پہلے سوال کا جواب :

پہلے ان لوگوں کے قرضے کی ادائیگی کی کوشش کریں جنہیں آپ جانتے ہیں ، اور جو بھی آپ سے قرض کی ادائیگی کا مطالبہ کرے اور اس کے پاس قرض دینے کا ثبوت موجود ہو یا پھر آپ کو یاد ہو کہ آپ اس کے مقروض ہیں تو آپ اس کی ادائیگی کردیں ۔

اور جسے آپ جانتے ہیں اور یہ بھی علم ہے کہ آپ نے اس سے کتنا قرضہ لیا ہے لیکن وہ آپ کو ملتا نہیں اس سے لیے گئے قرضہ کی مقدار کو مالک کی جانب سے صدقہ کردیں اور اگر وہ بعد میں آئے تو اسے اختیار دیں کہ وہ صدقہ کا ثواب قبول کرلے یا پھر اپنا قرض واپس لے اگر وہ قرض واپس مانگتا ہے تو صدقہ کا ثواب آپ کو مل جائے گا ۔

اور رہا دوسرا سوال : جب آپ فریضہ حج ادا کرنا چاہیں یا تو آپ اپنے قرض خواہوں کا قرض ادا کریں اور یا پھر ان سے فریضہ حج کی ادائیگی کی اجازت لے کر حج کرلیں ، اللہ تعالی آپ کو توفیق سے نوازے ، اور آپ کے لیے قرض کی ادائیگی اور فریضہ حج کی ادائیگی میں آسانی پیدا فرمائے ۔

واللہ اعلم .